مریضوں کے ریکارڈز تک آن لائن رسائی سے متعلق اہم معلومات

ذاتی صحت کی معلومات کا آن لائن مشاہدہ کرنے کے لیے NHS لوگوں کو بہترین طریقے فراہم کرنا چاہتا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ لوگ اپنے صحت کے ریکارڈز تک رسائی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس سے آپ کو ٹیسٹ کے نتائج کا مشاہدہ زیادہ تیزی سے کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ نیز یہ آپ کو اپنے وقت کے حساب سے آپ کے اپائنٹمنٹس کے نوٹس کو پڑھنے اور ان کا جائزہ لینے کی سہولت دیتا ہے۔

16 سال سے زائد عمر والے کچھ مریض اب NHS ایپ، ویب سائٹ یا دیگر قابل رسائی محفوظ ریکارڈ کی حامل ایپ کے ذریعے اپنے آن لائن اکاونٹ پر اپنے ڈاکٹر (GP) کی طرف سے فراہم کردہ نئی معلومات کا مشاہدہ کر سکتے ہیں۔ ان معلومات میں آپ کے اپائنٹمنٹ کے نوٹس کے ساتھ ٹیسٹ کے نتائج اور خطوط بھی شامل ہو سکتے ہیں۔

ممکن ہے کہ بعض اوقات آپ ان معلومات تک رسائی نہ حاصل کر سکیں؛ اس کا انحصار آپ کی پریکٹس پالیسیز اور حفاظتی سسٹمز پر ہو گا۔ علاوہ ازیں، ریکارڈز تک رسائی کی اجازت دینے سے پہلے، ہو سکتا ہے کہ آپ کا ڈاکٹر آپ سے بات چیت کرنا چاہے، مثال کے طور پر، ٹیسٹ کے نتائج سے متعلق یا اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ رسائی آپ کے لیے فائدہ مند ہو کیونکہ آپ کے ریکارڈ پر حساس معلومات ہو سکتی ہیں۔ وہ ان مریضوں سے بھی بات چیت کرنا چاہ سکتے ہیں جو اپنے ریکارڈز تک رسائی کے حصول سے متعلق فیصلہ کرنے کے لیے معاونت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ **اگر آپ کو کوئی خدشات لاحق ہیں یا آپ کو معاونت یا مزید معلومات درکار ہیں، تو براہ کرم پریکٹس اسٹاف یا اپنے ڈاکٹر سے تبادلہ خیال کریں۔**

ان تبدیلیوں کا اطلاق صرف ان افراد پر ہوتا ہے جن کے آن لائن اکاؤنٹس ہیں۔ اگر آپ کو آن لائن اکاؤنٹ درکار نہیں ہے، آپ تب بھی رسپشن پر ان معلومات کی درخواست کر کے اپنے صحت کے ریکارڈز تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ تبدیلیوں کا اطلاق صرف آپ سے متعلق ذاتی معلومات پر ہو گا۔ اگر آپ نگہداشت کار ہیں اور کسی ایسے شخص سے متعلق معلومات کا مشاہدہ کرنا چاہتے ہیں جو آپ کے زیرِ نگہداشت ہے، تو ریسپشن اسٹاف سے گفتگو کریں۔

یہ نہایت اہم ہے کہ آپ اپنی NHS ایپ، ویب سائٹ یا دیگر آن لائن سروسز کی لاگ ان تفصیلات کو محفوظ رکھیں۔ کسی کے ساتھ بھی اپنے پاس ورڈ کا اشتراک نہ کریں کیونکہ اس کے بعد انہیں آپ کی ذاتی معلومات تک رسائی حاصل ہو جائے گی۔ آپ کو یہ بھی یقینی بنانا چاہیے کہ جیسے ہی آپ اپنے ریکارڈ کا مشاہدہ مکمل کر لیں تو جلد از جلد لاگ آف کر دیں، کیونکہ کچھ ایپس خودکار طور پر یہ نہیں کر سکتیں۔

اگر آپ اپنے صحت کے ریکارڈ کا مشاہدہ نہیں کرنا چاہتے، یا آپ کو ان تبدیلیوں سے متعلق مزید معلومات درکار ہیں، تو براہ کرم اپنے ڈاکٹر یا پریکٹساسٹاف سے گفتگو کریں۔